مطبوعات

تفسیر سورۂ فیل | تالیف مولانا حمید الدین فراہی رحمۃ اللہ - ترجمہ مولوی امین احسن صاحب اصلاحی
ضخامت ۱۳۲ صفحات - قیمت ۸ / (دائرۂ حمیدیہ مدرسۃ الاصلاح - سرائے میر ضلع اعظم گڈھ)

اصل کتاب عربی زبان میں پہلے چھپ کر شائع ہو چکی ہے اور اس پر ترجمان القرآن میں ریویو کیا جا چکا ہے - مولانا امین احسن صاحب اصلاحی نے اسے اردو قالب میں ڈھال کر باقساط رسالۂ الاصلاح میں شائع فرمایا تھا تاکہ عربی سے ناآشنا طبقہ بھی اس سے مستفید ہو سکے - اب اسی ترجمہ کو ایک رسالہ کی شکل میں مرتب کر دیا گیا ہے - ترجمہ نہایت کامیاب اور سلجھا ہوا ہے اور سچ تو یہ ہے کہ مترجم موصوف مولانا فراہیؒ کی تصنیفات کے ترجمہ کا حق خوب ادا کرتے ہیں -

۱- تفسیر سورۂ کافرون اور ۲- سورۂ والعصر | تالیفات مولانا حمید الدین فراہی رحمۃ اللہ - ترجمہ مولوی امین احسن صاحب اصلاحی حجم ۴۸، ۶۶ صفحات، قیمت ۴ / و ۶ / (پتہ وہی جو اوپر مذکور ہوا)

مولانا فراہیؒ کی قرآنی بصیرت، اُنکا تبحر اور ذوق اجتہاد اہلِ علم کیلیے کسی تعارف کا محتاج نہیں تفسیر نظام القرآن جو آپ کی قرآن فہمی کا اعلیٰ ترین شاہکار ہے، اُسکے بیشتر اجزا چھپ کر اہلِ نظر کے سامنے آچکے ہیں - یہ دونوں کتابیں اسی سلسلۂ تفسیر کی دو کڑیاں ہیں -

پہلی تفسیر میں مصنفؒ نے اپنے خاص اصول تاویل اور محققانہ طرز تفسیر کے مطابق بتلایا ہے کہ یہ سورۃ روا... ی کی نہیں بلکہ دراصل برأت اور ہجرت کی سورۃ ہے اور کفار سے پوری طرح کٹ کر ان سے اعلان جنگ ہے - یہ سورۃ اس وقت نازل ہوئی ہے جب قریش کا انکار و تمرد، حق کی مظلومی اور کفار کے اصلاح پذیر ہونے سے مایوسی اپنی انتہا